اللہ کی خاطر آپس میں محبت رکھنا کسے کہتے ہیں؟

مجیب: مولانا جمیل احمد غوری عطاری مدنی

فتوی نمبر: Web-1110

تاریخ اجراء: 05ربیع الثانی1445ھ/21اکتوبر2023ء

دارالافتاء اہلسنت

(دعوت اسلامی)

سوال

اللہ کی خاطر آپس میں محبت رکھنا کسے کہتے ہیں؟

بِسْمِ اللہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ

اَلْجَوَابُ بِعَوْنِ الْمَلِكِ الْوَهَّابِ اَللّٰهُمَّ هِدَايَةَ الْحَقِّ وَالصَّوَابِ

اللہ پاک کے آخری نبی محمد عربی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم ارشاد فرماتے ہیں:"افضل الاعمال الحب فی اللہ والبغض فی اللہ"یعنی سب سے زیادہ فضیلت والا عمل اللہ کی خاطر کسی سے محبت کرنا اور اللہ کی خاطر کسی سے نفرت کرنا ہے۔(سنن ابی داود، جلد4، صفحہ264، الحدیث 4599، داراحیاء التراث العربی، بیروت)

علامہ عبد الرؤف مناوی رحمۃ اللہ علیہ اس حدیثِ پاک کے تحت لکھتے ہیں:"(افضل الاعمال الحب فی اللہ) ای فی ذات اللہ لا لشوب ریاء ولا ھوی۔۔۔من افضل الاعمال ان یحب الرجل الرجل للایمان والعرفان لا لحظ نفسانی کاحسان وان یکرھه للکفر والعصیان لا لایذائه له"یعنی افضل اعمال میں سے ایسی محبت ہے جس میں اللہ پاک کی رِضا مقصود ہو، نمود و نمائش اور نفسانی خواہش کی آمیزش نہ ہو۔۔۔تو افضل اعمال میں سے ہے کہ ایک مسلمان دوسرے مسلمان سے ایمان و عرفان کی وجہ سے محبت کرے نہ نفسانی خواہش کی وجہ سے جیسے ایک شخص کسی پر احسان کرتا ہے(تو وہ احسان کرنے والے سے محبت کرتا ہے) اور بُرے آدمی کو اس کے کفر اور گُناہوں کی وجہ سے برا سمجھے نہ کہ اس وجہ سے کہ اس نے مجھے تکلیف پہنچائی۔(فیض القدیر ملتقطاً، جلد2، صفحہ28، تحت الحدیث:1241، دارالمعرفۃ، بیروت)

مفسر شہیر حکیم الامت مفتی احمد یار خان نعیمی رحمۃ اللہ علیہ فرماتے ہیں:"حقیقت یہ ہے کہ نماز، زکوٰۃ، جہاد بھی اَلْحُبُّ فِی اللہِ کی شاخیں ہیں کہ مسلمان ان اعمال سے اللہ کے لیے محبت کرتا ہے اور تمام گناہوں سے نفرت اَلْبُغْضُ فِی اللہِ کی شاخیں ہیں کہ مؤمن تمام گناہوں سے اللہ تعالیٰ کے لیے نفرت کرتا ہے، یوں ہی نمازیوں عابدوں

سے محبت اللہ کے لیے ہے، کفار اور فُسّاق سے نفرت اللہ کے لیے۔ نیز کل قیامت میں جس عمل پر حضرات انبیاو شہدا غبطہ (رشک) کریں گے وہ یہ ہی اللہ کے لیے محبت اللہ کے لیے عداوت ہے لہذا اس عمل کا محبوب ترین ہونا بالکل درست دوسری عبادات اگرچہ افضل ہوں مگر یہ عمل ان عبادات کا ذریعہ ہے لہٰذا یہ رب تعالی کو بڑا پیارا ہے۔" (مرآۃ المناجیح، جلد6، صفحہ406، قادری پبلشرز، لاہور)

وَاللہُ اَعْلَمُ عَزَّوَجَلَّ وَرَسُوْلُہ اَعْلَم صَلَّی اللہُ تَعَالٰی عَلَیْہِ وَاٰلِہٖ وَسَلَّم

Dar-ul-IftaAhlesunnat (Dawat-e-Islami)
www.daruliftaahlesunnat.net
daruliftaahlesunnat
DaruliftaAhlesunnat
Dar-ul-ifta AhleSunnat
feedback@daruliftaahlesunnat.net